زمرہ:	**طلبا**	جاری کردہ: X/XX/14	نمبر:	**A-420**
موضوع:	طالبانہ طرزِ عمل اور نظم و ضبط – جسمانی سزا		صفحہ:	1 کا 1

تبدیلیوں کا خلاصہ

یہ ضابط چانسلر کا ضابطے A-420 مورخہ 19 جولائی، 2013 کی تجدید کرتا ہے اور اسکی جگہ ہے- یہ طلبا کے خلاف جسمانی سزاؤں کے استعمال کی توضیح اور ممانعت کرتا ہے اور جسمانی سزاؤں کے الزامات کی اطلاع دینے اور انکے تحقیقاتی تقاضوں کی وضاحت کرتا ہے-

تبدیلیاں:

- اسکی وضاحت کرتا ہے طالب علم گواہ کے بیانات کو ملزم ملازم کو کب جاری کیا جاسکتا ہے- (صفحہ 4، حصہ VI.B.4؛ صفحہ 5، حصہ VII.D دیکھیں)
- اسکولی پر مبنی تحقیقات کی معین مدت کی وضاحت کرتا ہے- (صفحہ 4، حصہ VI.C. دیکھیں)

تلخیص

یہ ضابطہ طلبا کے خلاف جسمانی سزاؤں کے استعمال کی توضیح اور ممانعت کرتا ہے اور جسمانی سزاؤں کے الزامات کی اطلاع دینے اور انکی تحقیق کرنے کا طریق کار اجرا کرتا ہے-

I. پالیسی

A. یہ محکمہء تعلیم (DOE) کی پالیسی ہے طلبا کو DOE عملے کے ارکان، نگران ملازم، فروخت کنندگان، مشیران، CBO عملے اور اسکول کی ملکیت، اسکول کے تفریحی دوروں اور اسکول کی دیگر تقریبات پر موجود دیگر افراد کی جانب سے جسمانی سزائیں دینے کی ممانعت کرنا، اور اسکول کی ملکیت سے باہر بھی، جب ایسا اسکول سے باہر کا رویہ تعلیمی عمل میں خلل ڈالے یا ممکنہ طور پر خلل ڈالے گا یا سکولی برادری کی صحت، سلامتی، اخلاق یا بہبود کو خطرے میں ڈالتا ہے یا ڈالے گا-

B. کسی طالب علم کی جانب سے خلل انداز طرزعمل کے جواب میں کبھی بھی جسمانی سزا کا استعمال کرتے ہوئے سزا نہیں دی جانی چاہیئے- اسکولوں کو طالب علم کے خلل انداز طرزِ عمل پر رہنمائی مداخلت کی پیشکش کرنے اور والدین کے ساتھ مل کر کام کرنے کے ذریعے، توجہ دینی چاہیے اور طرزعمل پر چانسلر کے ضابطہ A-443 اور DOE کے ضابطہء انضباط کے مطابق توجہ دینی چاہیے-

C. اس ضابطے کی خلاف ورزی کرتے پائے گئے تمام ملازمین کو موزوں تادیبی کارروائی کا سامنا کرنا ہوگا-

II. اصطلاحات

جسمانی سزا[1] کی تعریف ایسے کی جاتی ہے کہ طالب علم کو سزا دینے کے مقصد سے کسی طالب علم پر جسمانی طاقت کے استعمال کا کوئی بھی فعل- جسمانی سزا میں ذیلی مقاصد میں سے کسی ایک کے لیے بھی مناسب جسمانی طاقت کا استعمال شامل نہیں:

- خود کو جسمانی چوٹ سے محفوظ رکھنا؛
- کسی دیگر طالب علم یا استاد یا کسی دیگر فرد کو جسمانی چوٹ سے بچانا (مثلاً، حد سے زیادہ طاقت استعمال کیے بغیر جسمانی ہاتھا پائی ختم کروانا)؛
- اسکول کی یا دوسروں کی املاک کو بچانا؛ یا
- ایسے طالب علم کو روکنا یا خارج کردینا جس کا طرزِ عمل باقاعدہ مشق اور اسکولی ضلع کے افعال، اختیارات، یا فرائض کی کارکردگی میں خلل ڈال رہا ہے، اگر وہ طالب علم مزید خلل انداز اعمال سے باز رہنے کی درخواست پر عمل پیرا ہونے سے انکار کر دیتا ہے، اور ایسی متبادل کارروائیاں اور طریقے جن میں جسمانی طاقت کا استعمال شامل نہیں ہے کو مندرجہ بالا مقاصد پورا کرنے کے لیے موزوں حد تک استعمال میں نہیں لایا جاسکتا-

III. عملے کو اطلاع

پرنسپل کے لیے یہ یقینی بنانا لازمی ہے کہ عملے کے تمام ممبران، بشمول غیر تدریسی عملہ، جسمانی سزا کے متعلق DOE کی پالیسی اور قوانین کے متعلق باخبر ہیں- کم از کم، پرنسپل / نامزد کردہ کے لیے لازم ہے کہ:

A. ہر تعلیمی سال کے آغاز میں اس ضابطے کی اہمیت کا تمام عملے کے ساتھ جائزہ لے، اس ضابطے کی ایک نقل عملے کے ہر رکن میں تقسیم کرے، اور عملے کے ہر رکن سے اس کی وصولی کے اقرار نامے پر تصدیقی دستخط حاصل کرے؛

---

[1] اس ضابطے کا زبانی بدسلوکی پر اختیار نہیں- زبانی بدسلوکی کی توضیح اس طرح سے کی جاتی ہے: ایسی زبان جو: (1) طلبا کی تحقیر کرے، انہیں شرمندہ کرے یا تمسخر کا نشانہ بنائے؛ یا (2) جو غیرموزوں اور کافی حد تک طالب علم کی تعلیمی کارکردگی میں یا کسی تعلیمی پروگرام، اسکول کی زیر کفالت سرگرمی یا طالب علم کی تعلیم کے کسی دیگر پہلو میں شرکت کرنے یا مستفید ہونے کی صلاحیت میں مداخلت کرنے کا اثر رکھتی ہے یا رکھے گی؛ یا (3) طالب علم کے ذہنی، جذباتی، یا جسمانی بہبود پر غیر موزوں اور کافی حد تک مداخلت کرنے کا اثر رکھتی ہے یا رکھے گی؛ یا (4) طالب علم کو اپنی جسمانی سلامتی کو خطرے میں سمجھنے کا موزوں حد تک سبب ہے یا موزوں حد تک سبب بننے کا امکان رکھتی ہے؛ یا (5) طالب علم کو جسمانی چوٹ یا جذباتی نقصان پہنچانے کا موزوں حد تک سبب ہے یا موزوں حد تک سبب بننے کا امکان رکھتی ہے- زبانی بدسلوکی کی اطلاع دینے کے لیے طریق کار ضابطہ A-421 میں قائم کیے گئے ہیں-

B. اس ضابطے کی اہمیت کا عملے کے ہر اس رکن کے ساتھ جائزہ لے جو تعلیمی سال کے آغاز کے بعد اسکول میں بھرتی ہوتا ہے، اسے اس ضابطے کی ایک نقل فراہم کرے، اور عملے کے رکن سے اس کی وصولی کے اقرار نامے پر تصدیقی دستخط حاصل کرے؛ اور

C. تعلیمی سال کے دوران حسبِ ضرورت اسے دوبارہ تقسیم کرے اور / یا ضابطے کے بارے میں تکنیکی معاونت فراہم کرے۔

IV. جسمانی سزا کے الزام کی اطلاع دینا

A. عملے کے ممبران کے فرائض

عملے کا کوئی بھی رکن جس نے جسمانی سزا کا مشاہدہ کیا ہو، جسے اسکے بارے میں علم ہو یا اسکے متعلق معلومات موجود ہوں، یا جو ایک ایسے طالب علم کے بارے میں اطلاع وصول کرتا ہے جسکے بارے میں ممکن ہے کہ اس طالب علم کو جسمانی سزا کا شکار بنایا گیا ہو، کے لیے درکار ہے کہ وہ رکن **ایک** اسکولی دن کے اندر اندر پرنسپل / نامزد کردہ کو الزام کے متعلق زبانی اطلاع دے۔ زبانی اطلاع دینے کے **دو** اسکولی ایام کے اندر اندر، عملے کے رکن کے لیے یہ بھی لازمی ہے کہ:

1. وہ DOE کے آن لائن واقعے کی اطلاع دینے کے نظام ("OORS") میں پایا جانے والا گواہ کا بیان مکمل کرکے پرنسپل / نامزد کردہ کو ایک تحریری رپورٹ جمع کرائے؛ یا
2. دفتر برائے خصوصی تحقیقات ("OSI") کے ساتھ براہِ راست ایک آن لائن رپورٹ دائر کرے (ذیل میں حصہ IV.B.2 دیکھیں)۔

اگر جسمانی سزا کا الزام پرنسپل کے خلاف ہے، تو عملے کے رکن کو جسمانی سزا کی اطلاع OSI کا آن لائن اطلاع دینے کا نظام استعمال کرتے ہوئے براہِ راست OSI کو ہی دینی چاہیئے (ذیل میں حصہ B دیکھیں)۔

B. پرنسپل / نامزد کردہ کے فرائض

پرنسپل[2] یا نامزد کردہ کے لیے لازم ہے کہ DOE ملازمین، نگران ملازمین، فروخت کنندگان، مشیران، CBO عملے اور دیگر کی جانب سے طالب علم کو جسمانی سزا دینے کے تمام الزامات کی اطلاع کے بارے میں جاننے کے 24 گھنٹے کے اندر اندر فوری طور پر مندرجہ ذیل طریقوں میں سے کسی ایک کے ذریعے OSI کو مطلع کرے:

1. OORS میں معلومات داخل کرنا؛ یا
2. معلومات کو https://www.nycenet.edu/offices/osi/CPR_Form/form.aspx پر OSI کے اطلاعی نظام میں یا OSI کو 718-935-3800 پر فون کرکے جمع کرانا۔

اگر پرنسپل / نامزد کردہ مبینہ جسمانی سزا کی رپورٹ OORS میں داخل کرتا ہے، تو انہیں خودکار طور پر OSI کے اطلاعی نظام کی جانب بھیج دیا جائے گا۔ پرنسپل / نامزد کردہ کے لیے علیحدہ طور پر OSI کے ساتھ بھی نالش دائر کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

C. جب OSI کے آن لائن نظام میں کوئی جسمانی سزا کی اطلاع موصول ہوتی ہے، تو نظام خودکار طریقے سے ایک تصدیقی نمبر ("OSI نمبر") جاری کرتا ہے۔ اطلاع دیے گئے واقعے کے بارے میں تمام مابعد خط و کتابت میں اس OSI نمبر کا حوالہ دیا جانا لازمی ہے۔

D. والدین اور طلبا اس اسکول کے پرنسپل / نامزد کردہ کو مطالع کرنے کے ذریعے جس میں ان کا بچہ درج ہے، OSI کے آن لائن اطلاعی نظام کے ذریعے براہِ راست OSI کو اطلاع دے کر، یا OSI سے 718-935-3800 پر رابطہ کرکے جسمانی سزا کی شکایت کی اطلاع دے سکتے ہیں۔

E. OSI جسمانی سزا کے الزامات کے بارے میں معلومات وصول کرنے، انکی تشخیص کرنے، جائزہ لینے، جوابی کارروائی کرنے اور DOE کے اندر متعدد دفاتر اور دیگر موزوں بستیوں تک معلومات پہنچانے کا ذمہ دار ہے۔ OSI کو اطلاع دینے کے بعد، پرنسپل / نامزد کردہ کو اس وقت تک کوئی مزید تحقیقاتی کارروائی نہیں کرنی چاہیئے جب تک کہ OSI اسکے متعلق ہدایات فراہم نہیں کرتا کہ آگے کیسے بڑھنا ہے، ماسوائے اگر موزوں ہو تو، پولیس یا دفتر برائے خصوصی تحقیق ("SCI") کے کمشنر سے رابطہ کرنے کے۔

F. اگر مبینہ مظلوم کے والدین کے علاوہ کسی فرد نے شکایت دائر کی ہو، تو پرنسپل کے لیے مبینہ مظلوم کے والدین کو مطلع کرنا لازمی ہے کہ کوئی شکایت دائر کی گئی ہے۔

---

[2] جب اس ضابطے میں استعمال کی جائے، تو لفظ پرنسپل، جائے وقوع کے سپروائزر کا بھی حوالہ دیتا ہے۔ جائے وقوع سپروائزر کی اصطلاح ایسے فرد کا حوالہ دیتی ہے جو اس DOE ملازم کے اوپر سپروائزر کی حیثیت سے کام کر رہا ہے جس پر جسمانی سزا دینے کا الزام لگایا گیا ہے۔

G. OSI آن لائن اطلاعی نظام استعمال کرتے ہوئے بے گمنام شکایات بھی دائر کی جاسکتی ہیں۔

V. تحقیقات کے دوران ملازم کا اخراج

جسمانی سزا کی تحقیقات کے عرصے کے دوران، طلبا کی صحت، بہبود، اور طلبا کی سلامتی کے تحفظ کے لیے، اور ساتھ ساتھ تحقیقات کی سالمیت کے لیے مدعا علیہ ملازم کو طلبا کے ساتھ کام کرنے سے سے معزول کیا جا سکتا ہے، جیسا کہ ذیل میں وضاحت کی گئی ہے۔

A. جسمانی سزا کی شکایت موصول ہونے پر، OSI تجویز کرے گا کہ آیا ملازم کو تحقیقات مکمل ہونے تک فرائض کی بجاآوری سے خارج کیا جانا چاہیئے یا نہیں۔ اگر OSI ابتدائی طور پر اخراج کی سفارش نہیں کرتا، تو پرنسپل اخراج کی درخواست کر سکتا ہے اور یہ سینیئر فیلڈ کونسل اور عام کونسل کے دفتر میں قانونی عملے کی جانب سے جائزے کے ماتحت ہے۔

B. جب یہ تعین کیا جا رہا ہو کہ آیا ملازم کو خارج کرنا ہے یا نہیں، تو مندرجہ ذیل کو زیر غور لانا چاہیے: مبینہ طرز عمل کی شدت؛ ملزم ملازم کا سابقہ ریکارڈ؛ ممکنہ تادیبی کارروائی اگر الزامات مصدقہ ہیں؛ ملزم اور طلبا کے درمیان رابطے کی نوعیت اور اس کا تعدد؛ اور کوئی بھی دیگر متعلقہ عناصر۔

C. جسمانی سزا کی تحقیقات کا نتیجہ آنے تک اگر ملازم کو اس کے فرائض کی بجاآوری سے خارج کر دیا گیا ہے، تو پرنسپل اس کے اخراج کی تاریخ سے پانچ اسکولی دن پہلے تحریری طور پر تحقیق کی نوعیت سے ملازم کو مطلع کرے گا۔

VI. تحقیق

A. جسمانی سزا کے الزامات کی تحقیق یا تو OSI کے ذریعے یا اس اسکول کے ذریعے کی جائے گی جہاں یہ واقعہ رونما ہوا تھا۔ OSI کے جسمانی سزا کی اطلاع وصول کرنے کے بعد، OSI پرنسپل کو مشورہ دے گا کہ آیا OSI تحقیقات انجام دے گا یا پرنسپل کے لیے اسکول پر مبنی تحقیق ("SBI") انجام دینا لازمی ہے۔

1. تمام DOE ملازمین کے لیے درکار ہے کہ وہ جسمانی سزا کی تحقیق میں تعاون کریں، اور اگر انہیں انٹرویو کے لیے حاضر ہونے کا حکم دیا جائے تو ان کے لیے حاضر ہونا درکار ہے۔ اگر OSI کی جانب سے درخواست کی گئی ہو، تو پرنسپل صاحبان کے لیے اسکول کے عملے کے انٹرویوز کی ترتیب اور انکا اہتمام کرکے، اور درخواست کردہ دستاویزات کو دستیاب کرکے OSI کو اعانت فراہم کرنا لازمی ہے۔

2. اگر ایک پرنسپل کو SBI انجام دینے کی ہدایت دی جاتی ہے، تو سینیئر فیلڈ کونسل پرنسپل کو رہنمائی اور ہدایات فراہم کرے گا۔ (حصہ VI.C دیکھیں)۔

3. اگر، کسی تحقیق کے عرصے کے دوران، یہ یقین کرنے کا مناسب شبہ ہے کہ جنسی نوعیت کی جسمانی بدسلوکی پیش آئی ہے یا کوئی جرم کیا گیا ہے، تو نیویارک شہر محکمہء پولیس اور دفتر برائے خصوصی تحقیق ("SCI") کے کمیشنر کے ساتھ فوری رابطہ کرنا لازمی ہے، اور مزید معلومات وصول ہونے تک تحقیق کو روک دینا لازمی ہے۔

B. معاملے کی تحقیق خواہ OSI کی جانب سے کی جائے یا اسکول کی جانب سے، مندرجہ ذیل تحقیقاتی اقدامات لیے جانا ضروری ہیں:[3]

1. مبینہ مظلوموں اور طالب علم / عملہ گواہوں سے **الگ الگ** انٹرویو کریں اور جتنی جلدی قابلِ عمل ہو ان کے تحریری بیانات حاصل کریں۔[4]

2. ملزم ملازم کو جسمانی سزا کے الزام پر تبادلۂ خیال کے لیے ایک تحقیقاتی انٹرویو میں یونیئن نمائندگی کے ساتھ حاضر ہونے کے حق کا 48 گھنٹے کا ایک تحریری نوٹس فراہم کریں۔ 48 گھنٹے کا نوٹس اور یونیئن نمائندگی کے حق کا نوٹس یہاں دستیاب ہے: http://schools.nyc.gov/Offices/GeneralCounsel/Legal/SFC/default.htm

3. تحقیقاتی انٹرویو یونیئن نمائندگی کے بغیر یا ملازم کے تحریری نوٹس وصول کرنے کے بعد 48 گھنٹے سے قبل نہیں منعقد ہوسکتا ماسوائے یہ کہ ملازم اپنے 48 گھنٹے کے نوٹس اور/ یا یونیئن نمائندگی کے حق سے دستبردار ہو جائے۔ ایسی صورت میں، ملازم کے لیے ایک دستبرداری کے بازنامے پر دستخط کرنا لازم ہے، جو http://schools.nyc.gov/Offices/GeneralCounsel/Legal/SFC/default.htm پر دستیاب ہے۔

---

[3] تفصیلی تحقیقاتی اقدامات یہاں پائیں: http://schools.nyc.gov/Offices/GeneralCounsel/Legal/SFC/default.htm

[4] طالب علم گواہوں کے ساتھ انٹرویو کے لیے والدینی اطلاع یا اجازت درکار نہیں۔ اگر کوئی والدین موجود نہیں، تو پرنسپل کسی غیرملوث منتظم یا عملے کے ممبر جیسے کہ نائب پرنسپل، ڈین، سماجی کارکن، یا رہنما مشیر کی موجودگی میں انٹرویو منعقد کرنے کی خواہش کرسکتے ہیں۔

4. ملزم ملازم کے ساتھ ملاقات کریں- ملاقات پر، ملازم کو جسمانی سزا کے الزام کی وضاحت فراہم کرنا اور اپنا بیان دینے کا موقع فراہم کرنا لازمی ہے-

a. اگر ملزم ملازم طالب علم گواہ کے بیانات، یا بالغ گواہ کے بیانات کا جائزہ لینے کے موقع کی درخواست کرتا ہے جن میں طالب علم کی مخصوص معلومات شامل ہیں، تو ملازم کو یونیئن نمائندگی کی موجودگی میں (جہاں ایسی نمائندگی موجود ہو) ایک ایسے رازداری اقرار نامے کا جائزہ لینے اور اس پر دستخط کرنے کا موقع فراہم کرنا لازم ہے جس کے مطابق ملزم بیانات کے مواد کو افشاء نہیں کرے گا یا بیانات کے مصنف (مصنفین) کے خلاف انتقامی کارروائی نہیں کرے گا- یونیئن کے نمائندے کو بھی رازداری اقرارنامے کا جائزہ لینے اور اسے پر دستخط کرنا کا موقع فراہم کرنا لازمی ہے- یہ رازداری اقرارنامہ یہاں دستیاب ہے: http://schools.nyc.gov/Offices/GeneralCounsel/Legal/SFC/default.htm درخواست کرنے پر ملزم ملازم اور / یا یونیئن نمائندے کو اقرار نامے کی نقول فراہم کرنا لازمی ہے-

i. اگر تحقیق کے دوران ملزم ملازم اور یونیئن نمائندے رازداری اقرار نامے پر دستخط کرتے ہیں، تو ملازم اور یونیئن نمائندے کو تمام گواہوں کے بیانات بغیر حذف کے دکھائے جائیں گے- ملازم اور انکے یونیئن نمائندے کو کوئی بھی اور تمام تر گواہوں کے بیانات کی تحریری نقل کرنے کی اجازت ہوگی لیکن ان گواہوں کے بیانات کی نقلیں پاس رکھنے کی اجازت نہیں ہوگی-

ii. اگر تحقیق کے دوران ملزم ملازم رازداری اقرار نامے پر دستخط نہ کرنے کا انتخاب کرتا ہے، تو مظلوم کے علاوہ کسی بھی طالب علم کے بارے میں ذاتی طور پر قابل شناخت تمام معلومات کو مظلوم طالب علم کے بیان، طالب علم گواہ کے بیانات، اور بالغ گواہ کے بیانات سے ملزم ملازم کو دکھانے سے قبل حذف کرنا لازمی ہے- ملزم ملازم کو تمام گواہوں کے بیانات حذفی شکل میں دکھائے جائیں گے- ملازم اور انکے یونیئن نمائندے کو ایسے حذفی بیانات کی تحریری نقل کرنے کی اجازت ہوگی، لیکن ان بیانات کی نقلیں پاس رکھنے کی اجازت نہیں ہوگی- تادیبی کانفرنس میں موجود تمام ملزم ملازمین اور انکے یونیئن نمائندگان کو کسی بھی اور تمام تادیبی کارروائی لاحق ہونے سے قبل تمام گواہوں کے بیانات کو دیکھنے اور انکی نقل پاس رکھنے کا حق ہے- اگر کوئی ملازم رازداری اقرار نامے پر دستخط کرنے سے انکار کر دیتا ہے، تو مظلوم کے علاوہ کسی بھی طالب علم کے بارے میں ذاتی طور پر قابل شناخت تمام معلومات کو مظلوم طالب علم کے بیان، طالب علم گواہ کے بیانات، اور بالغ گواہ کے بیانات سے انکی فراہمی سے قبل حذف کرنا لازمی ہے-

5. ثبوت اور تمام گواہوں، بشمول مبینہ مظلوم اور ملزم ملازم کی صداقت کی جانچ کریں-

6. ہر شکایت کے لیے ایک علیحدہ فائل رکھیں-

C. صرف اسکول کی بنیاد پر تحقیقات کے لیے:

1. شکایت وصول کرنے کے 10 کاروباری ایام کے اندر اندر، پرنسپل کے لیے یہ تعین کرنا لازمی ہے کہ آیا شکایت مصدقہ ہے یا نہیں اور ہر الزام کے بارے میں اخذ کردہ نتیجے کی وضاحت کرتے ہوئے (دیکھیں منسلکہ نمبر 1، تحقیق رپورٹ فارم) مبینہ جسمانی سزا اور / یا زبانی بدسلوکی - تحقیقاتی فارم رپورٹ مکمل کرنا لازمی ہے- اگر تحفیفی حالات کی وجہ سے تحقیق مکمل کرنے کے لیے اضافی وقت درکار ہے، تو پرنسپل صاحبان کو سینیئر فیلڈ کونسل سے مشورہ کرنا چاہیئے-

2. جب ایک SBI مکمل ہو جاتی ہے، پرنسپل صاحبان کے لیے لازمی ہے کہ وہ مکمل اور دستخط شدہ تحقیقاتی رپورٹ، بمع تمام انٹرویو نوٹس، تحریری بیانات، اور تحقیقاتی نتائج کو سینیئر فیلڈ کونسل کو اسکین کرکے یا بذریعہ فیکس فراہم کریں- SBIs **صرف** اس وقت بند تصور کی جاتی ہیں جب پرنسپل اس معاملے میں سینیئر فیلڈ کونسل کی جانب سے تصدیق وصول کرتا ہے-

D. تحقیقات کے اختتام پر، پرنسپل / نامزد کردہ کے لیے مبینہ مظلوم کے والدین کو مطلع کرنا لازمی ہے کہ آیا الزامات ثابت ہوئے یا ثابت نہیں ہوئے-

VII. ذاتی اقدامات

A. ایک بار جب پرنسپل سینیئر فیلڈ کونسل سے تصدیق وصول کرتا ہے کہ تحقیق مکمل ہو گئی ہے، تو پرنسپل / جائے وقوع کے سپروائزر کے لیے عملے کے کسی بھی ایسے رکن کے خلاف موزوں تادیبی کارروائی کرنا لازمی ہے، جو اس ضابطے کی خلاف ورزی کرتا پایا گیا ہو- تادیبی خطوط میں معاونت کے لیے، پرنسپل صاحبان کو اپنے سینیئر فیلڈ کونسل سے مشورہ کرنا چاہیئے-

B. جب ایک تحقیق، خواہ پرنسپل کی جانب یا OSI کی جانب سے مکمل کی جاتی ہے، تو عملے کے ملزم رکن کو تحقیق کے نتائج

سے مطلع کرنا لازمی ہے- اگر ملزم ملازم کو تحقیق کا فیصلہ نہ ہونے تک کسی دیگر فرض کی بجاآوری پر لگا دیا گیا تھا اور اس دیگر فرض کی بجاآوری کے لیے کوئی اور وجہ نہیں ہے، تو ملازم کے لیے اپنے باقاعدہ فرائض کی بجاآوری پر واپس جانا لازمی ہے-

C. جو ملازم اس ضابطے کی خلاف ورزی کرتا ہے، ہوسکتا ہے اسکو تادیبی کارروائی کا سامنا کرنا ہو جس میں نکال دیا جانا، یا دیگر موزوں جوابی کارروائی شامل ہوسکتی ہے- مزید یہ کہ، اس ضابطے میں کوئی بھی چیز کسی پرنسپل کو ایک نامناسب فعل کے واسطے کسی ملازم کو مشورہ دینے یا سزا دینے سے نہیں روکتی جو بصورت دیگر اس ضابطے کی خلاف ورزی نہ کررہا ہو-

D. تادیبی کانفرنس میں موجود تمام ملزم ملازمین اور انکے یونیئن نمائندگان کو کسی بھی اور تمام تادیبی کارروائی لاحق ہونے سے قبل تمام گواہوں کے بیانات کو دیکھنے اور انکی نقل پاس رکھنے کا حق ہے- اگر کوئی ملازم رازداری اقرار نامے پر دستخط کرنے سے انکار کر دیتا ہے، تو مظلوم کے علاوہ کسی بھی طالب علم کے بارے میں ذاتی طور پر قابلِ شناخت تمام معلومات کو مظلوم طالب علم کے بیان، طالب علم گواہ کے بیانات، اور بالغ گواہ کے بیانات سے انکی فراہمی سے قبل حذف کرنا لازمی ہے-

VIII. رازداری

یہ محکمہء تعلیم کی پالیسی ہے کہ اس ضابطے کے تحت کی گئی شکایات کے تمام فریقین اور گواہوں کی رازداری کا احترام کیا جائے- البتہ، رازداری کی ضرورت کا پولیس کی تحقیقات سے تعاون کی ذمہ داری، ملزم کو حسبِ ضابطہ کارروائی کی فراہمی، اور / یا شکایت کو حل کرنے کے لیے ضروری اقدامات لینے سے متوازن کیا جائے- اسکول کے ایسے ملازمین جنہیں جسمانی سزا کی تحقیق کا علم ہے، کو شکایت کے بارے میں کوئی بھی معلومات کسی غیر مجاز فریقین، بشمول ملزم ملازم (ملازمین)، مظلوم طالب علم (طلبا)، اور گواہوں کے نام، کو افشاء کرنے کی اجازت نہیں-

IX. ناجائز تبدیلی / انتقام کی ممانعت

جسمانی سزا کی تحقیق میں ناجائز تبدیلی کرنے یا اس میں مزاحمت کرنے یا ان لوگوں سے انتقام لینے جنہوں نے جسمانی سزا جھیلی، اسکی اطلاع دی ہو یا اسکا مشاہدہ کیا ہو، کی سختی سے ممانعت ہے اور اس کا نتیجہ تادیبی کارروائی ہوسکتا ہے- ایسے طرزِ عمل کی فوری طور پر SCI کو 212-510-1400 پر یا intake@nycsci.org پر اطلاع دینا لازمی ہے-

X. نیویارک ریاست محکمہء تعلیم کو اطلاع

جسمانی سزا کی شکایات کے بارے میں ایک وسطی سالانہ رپورٹ ہر سال کے 15 جنوری اور 15 جولائی تک کمشنر برائے تعلیم کو مہیا کی جاتی ہے- یہ رپورٹ ہر ایک شکایت کے خلاصے، ہر ایک تحقیق کے نتائج اور مقامی اسکول اربابِ اختیار کی جانب سے ہر معاملے میں کی گئی کارروائی، اگر کوئی ہو، کی وضاحت کرتی ہے-

XI. استفسارات

ضابطے سے متعلق استفسارات ذیل کو بھجوانے چاہیئیں:

Office of Special Investigations N.Y.C. Department of Education 65 Court Street – Room 922 Brooklyn, NY 11201	**ٹیلیفون:** 718-935-3800

اسکول پر مبنی تحقیقات کے لیے اپنے
سینئر فیلڈ کونسل سے رجوع کریں-